Bundesamt
für Migration
und Flüchtlinge

انٹیگریشن کورس

(بمطابق پیرا گراف 43 قانون برائے رہائش)

URDU

Integration

مہاجرین کے لئے انٹیگریشن کورس زبان اور سیاسی تعلیم کی ایک بنیادی سرکاری پیشکش ہے۔

انٹیگریشن کورس

انٹیگریشن کورسز کا مقصد مہاجرین کے انٹیگریشن اور معاشرے میں شمولیت کو فروغ دینا ہے تاکہ وہ اس قابل ہوں کہ وہ روزمرہ کے معاملات خود نبٹا سکیں۔

شمولیت اور اخراجات

مہاجر خواتین اور حضرات جو بہت کم یا بالکل جرمن نہیں بولتے، وہ خصوصی شرائط کے تحت انٹیگریشن کورس میں شامل ہو سکتے ہیں۔ اگر وہ ان شرائط پر پورا اترتے ہوں تو انہیں شمولیت کے لئے ایک اہلیت سرٹیفیکیٹ ملتا ہے۔

انٹیگریشن کورس میں شمولیت کے لئے کچھ اخراجات ادا کرنے ہونگے۔ خصوصی شرائط کے تحت مثال کے طور پر بے روزگاری امداد یا عوامی امداد لی جانے کی صورت میں اخراجات کی ادائیگی میں رعایت کی درخواست دی جاسکتی ہے۔ اگر آپ کو اخراجات کی ادائیگی کی رعایت دی گئی ہے تو پھر سفری اخراجات کی سرکاری مدد بھی ممکن ہے۔

انٹیگریشن کورس میں شمولیت کی شرائط کے بارہ میں اور اسی طرح اخراجات کے بارہ میں مزید معلومات آپ کو وفاقی دفتر برائے مہاجرین و پناہ گزین کی ویب سائٹ پر ملیں گی:

www.bamf.de/integrationskurse-teilnahmekosten

کورس کا مواد

ہرانٹیگریشن کورس زبان کے کورس اور رہنمائی کورس پر مشتمل ہے۔

زبان سیکھنا

زبان سیکھنے کا مقصد زبانی اور تحریری طور پر جرمن زبان سکھا کر مشترکہ یورپی فریم ورک (جی ای آر) کے حدف بی 1 تک کا عبور حاصل کرنا ہے۔ یہ ایک بنیادی اور ایک اعلیٰ درجہ کے کورس پر مشتمل ہے۔ جس میں روزمرہ کی زندگی کے اہم موضوعات پر توجہ دی جاتی ہے، جیسا کہ پیشہ، تربیت، خریداری، صحت اور رہائش۔

رہنمائی کورس

رہنمائی کورس کا مقصد قانونی نظام، وفاقی جمہوریہ جرمنی کی ثقافت اور تاریخ کے ساتھ ساتھ مل جُل کر رہنے کے اقدار جو جرمنی میں اہم ہیں کے بارہ میں معلومات فراہم کرنا ہے۔

کورس کی اقسام

عام انٹیگریشن کورس

- **کے علاوہ**

خصوصی انٹیگریشن کورس بھی ہوتے ہیں، جو ان اشخاص کے لئے ہیں جن کی خصوصی ضروریات ہوں۔

- نوجوانوں کے انٹیگریشن کورس
- لاتینی تحریر سیکھنے کا کورس
- والدین یا خواتین کا انٹیگریشن کورس
- حروف تحجی سیکھنے کا کورس
- ان لوگوں کے لئے انٹیگریشن کورسز جن کو زبان کی تعلیم کے لئے خصوصی امداد کی ضرورت ہو
- معذوری یا کمزوری میں مبتلہ لوگوں کے لئے انٹیگریشن کورس
- انٹینسیو کورس

ترتیب

درجہ بندی

انٹیگریشن کورس شروع ہونے سے پہلے سب شرکا کورس درجہ بندی کا ٹیسٹ دیتے ہیں۔ ٹیسٹ کے نتائج کی بنیاد پر اس شخص کو ایک مخصوص کورس ماڈیول کے ساتھ منسلک کیا جاتا ہے اور اگر ضروری ہو تو، ایک خصوصی انٹیگریشن کورس میں منسوب کیا جاتا ہے۔

دورانیہ

عام انٹیگریشن کورس 700 *تدریسی یونٹ کا ہوتا ہے۔
اس میں سے 600 تدریسی یونٹ زبان سیکھنے کا کورس (300 تدریسی یونٹ بنیادی اور 300 تدریسی یونٹ اعلی درجہ کورس) اسی طرح100 تدریسی یونٹ رہنمائی کورس۔ خصوصی انٹیگریشن کورس کا دورانیہ 1000 تدریسی یونٹ تک بھی ہوسکتا ہے۔ سیکھنے کی اچھی صلاحیت رکھنے والے لوگ انٹینسیو کورس کر کے 430 تدریسی یونٹس میں بھی کورس مکمل کرسکتے ہیں۔

اختتامی امتحان

زبان سیکھنے کے کورس کی تکمیل کا ثبوت زبان کے امتحان „مہاجرین کے لئے جرمن ٹیسٹ„ میں شرکت کے ذریعے دیا جاتا ہے۔ ٹیسٹ میں کامیاب ہونے کا مطلب ہے کہ آپ نے بی 1 کی سطح پر امتحان پاس کیا ہے۔ رہنمائی کورس,, جرمنی میں زندگی,, امتحان کے ذریعہ مکمل کیا جاتا ہے۔ دونوں امتحانات میں کامیاب ہونے پر شرکا کو ,,انٹیگریشن کورس کا سرٹیفکیٹ,, دیا جاتا ہے۔

* تدریسی یونٹ 45 منٹ ہوتی ہے۔

زبان سیکھنے کے کورس کے اختتام پر ,, مہاجرین کے لئے جرمن ٹیسٹ,, ہوتا ہے۔

انٹیگریشن کورس تلاش کرنا

آپ علاقائی تلاش کی تقریب کے ذریعہ پیش کردہ انٹیگریشن کورسز کا جائزہ یہاں حاصل کر سکتے ہیں:

bamf-navi.bamf.de ↙

داخلہ کی درخواست

انٹیگریشن کورس داخلہ درخواست فارم آپ یہاں حاصل کرسکتے ہیں:

www.bamf.de/integrationskurse ↙
(unter „Anträge und Merkblätter“)

انٹیگریشن کورس کی داخلہ درخواست آپ یہاں آن لائن بھی دے سکتے ہیں:

verwaltung.bund.de ↙

انٹیگریشن کورسز مقامی فراہم کنندگان کے ذریعہ پیش کیے جاتے ہیں اور BAMF کی طرف سے فنڈ کیے جاتے ہیں۔

مزید معلومات

شرکا کے لئے:
www.bamf.de/integrationskurse

فراہم کنندگان کے لئے:
www.bamf.de/ik-traeger

اساتذہ کے لئے:
www.bamf.de/lehrkraefte

مطبوعہ

ناشر:

Bundesamt für Migration und Flüchtlinge
90461 Nürnberg

طبع:

04/2023

اشاعت:

Silber Druck oHG, Lohfelden

ترتیب:

MediaCompany – Agentur für Kommunikation GmbH

اپ ڈیٹ کیا گیا:

KonzeptQuartier GmbH, Fürth

فوٹو کریڈیٹ:

S. 1, 2, 5 © Bamf/Bildkraftwerk/Thomas Geiger
S. 4 © AdobeStock/smolaw11

آرڈر کرنے کی سہولت:

Publikationsstelle Bundesamt für Migration und Flüchtlinge
www.bamf.de/publikationen

آپ اس اشاعت کو ایک قابل رسائی پی ڈی ایف دستاویز کے طور پر بھی ڈاؤن لوڈ کر (PDF) سکتے ہیں۔

یہ اشاعت وفاقی دفتر برائے مہاجرین و پناہ گزین کی جانب سے اپنے تعلقات عامہ کے کام کے حصے کے طور پر شائع کی گئی ہے۔ اشاعت مفت فراہم کی جاتی ہے اور فروخت کے لیے نہیں ہے۔

ملاحضہ کریں:

www.facebook.com/bamf.socialmedia
@BAMF_Dialog
bamf_bund

Other Language
www.bamf.de/publikationen

www.bamf.de